# The Absolute Reality

www.quran4u.com

## Noble Quran — القُرآن الحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) — (حضرت شاہ عبدِ القادر) اردو ترجمہ بمعہ عربی

## سورۃ الصّافات

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| | |
|---|---|
| 1. | وَٱلصَّٰٓفَّٰتِ صَفًّا<br>قسم صف باندھنے والوں کی قطار ہو کر۔ |
| 2. | فَٱلزَّٰجِرَٰتِ زَجۡرًا<br>پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر۔ |
| 3. | فَٱلتَّٰلِيَٰتِ ذِكۡرًا<br>پھر پڑھنے والوں کی یاد کر۔ |
| 4. | إِنَّ إِلَٰهَكُمۡ لَوَٰحِدٞ<br>بیشک حاکم تمہارا ایک ہے۔ |
| 5. | رَّبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ ٱلۡمَشَٰرِقِ<br>رب آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو انکے بیچ ہے، اور رب مشرقوں کا۔ |

| | |
|---|---|
| إِنَّا زَيَّنَّا ٱلسَّمَآءَ ٱلدُّنۡيَا بِزِينَةٍ ٱلۡكَوَاكِبِ<br>ہم نے رونق دی ورلے (نزدیکی) آسمان کو ایک رونق، جو تارے ہیں۔ | .6 |
| وَحِفۡظًا مِّن كُلِّ شَيۡطَٰنٍ مَّارِدٍ<br>اور بچاؤ بنایا ہر شیطان سرکش سے۔ | .7 |
| لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى ٱلۡمَلَإِ ٱلۡأَعۡلَىٰ وَيُقۡذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ<br>سن نہیں سکتے اوپر کی مجلس تک، اور پھینکے (مارے ہانکے) جاتے ہیں ہر طرف سے، | .8 |
| دُحُورًا ۖ وَلَهُمۡ عَذَابٌ وَاصِبٌ<br>ہانکے (دھکارے) گئے۔ اور ان کو مار (عذاب) ہے ہمیشہ۔ | .9 |
| إِلَّا مَنۡ خَطِفَ ٱلۡخَطۡفَةَ فَأَتۡبَعَهُۥ شِهَابٌ ثَاقِبٌ<br>مگر جو اُچک لایا جھپ سے، پھر پیچھے لگا اس کو انگارہ چمکتا (شہابِ ثاقب)۔ | .10 |
| فَٱسۡتَفۡتِهِمۡ أَهُمۡ أَشَدُّ خَلۡقًا أَم مَّنۡ خَلَقۡنَآ ۚ<br>اب پوچھ ان سے، یہ مشکل ہیں بنانے، یا جتنی خلقت ہم نے بنائی۔<br>إِنَّا خَلَقۡنَٰهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍۭ<br>ہم ہی نے ان کو بنایا ہے ایک گارے چپکتے (لیس دار) سے۔ | .11 |
| بَلۡ عَجِبۡتَ وَيَسۡخَرُونَ<br>بلکہ تُو رہتا ہے (اللہ کے کرشموں سے) اچھنبے میں، اور وہ کرتے ہیں ٹھٹھے (ہنسی مذاق)۔ | .12 |

| | | |
|---|---|---|
| وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ<br>اور جب (انہیں) سمجھائیے نہیں سوچتے (سمجھتے)۔ | .13 |
| وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ<br>اور جب دیکھیں کچھ نشانی، ہنسی میں ڈال دیتے ہیں۔ | .14 |
| وَقَالُوا إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ<br>اور کہتے ہیں، اور کچھ نہیں، یہ جادو ہے کھلا۔ | .15 |
| أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا أَإِنَّا لَمَبْعُوثُونَ<br>کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں کیا ہم کو پھر اٹھانا ہے۔ | .16 |
| أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ<br>کیا اور ہمارے باپ دادوں کو اگلے؟ | .17 |
| قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ<br>تُو کہہ، ہاں! اور تم ذلیل ہو گے۔ | .18 |
| فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ<br>سو وہ تو یہی ہے ایک جھڑکی (زور کی آواز)، پھر تبھی یہ لگیں گے (قبر سے اُٹھ کر) دیکھنے۔ | .19 |
| وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ الدِّينِ<br>اور کہیں گے اے خرابی ہماری! یہ آیا دن۔ | .20 |

| | |
|---|---|
| هَٰذَا يَوۡمُ ٱلۡفَصۡلِ ٱلَّذِي كُنتُم بِهِۦ تُكَذِّبُونَ<br>یہ ہے دن فیصلے کا جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ | .21 |
| ٱحۡشُرُواْ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ وَأَزۡوَٰجَهُمۡ وَمَا كَانُواْ يَعۡبُدُونَ<br>(حکم ہو گا) جمع کرو گنہگاروں کو، اور انکے جوڑوں (ساتھیوں) کو، اور جو کچھ پوجتے تھے۔ | .22 |
| مِن دُونِ ٱللَّهِ فَٱهۡدُوهُمۡ إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلۡجَحِيمِ<br>اللہ کے سوا، پھر چلاؤ ان کو راہ پر دوزخ کی۔ | .23 |
| وَقِفُوهُمۡۖ إِنَّهُم مَّسۡـُٔولُونَ<br>اور کھڑا رکھو ان کو، ان سے پوچھنا ہے۔ | .24 |
| مَا لَكُمۡ لَا تَنَاصَرُونَ<br>کیا ہوا تم کو (کہ) ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے۔ | .25 |
| بَلۡ هُمُ ٱلۡيَوۡمَ مُسۡتَسۡلِمُونَ<br>کوئی نہیں (بلکہ)، وہ آج آپ (خود) کو پکڑواتے ہیں۔ | .26 |
| وَأَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖ يَتَسَآءَلُونَ<br>اور منہ کیا بعضوں نے بعضوں کی طرف، لگے پوچھنے (تکرار کرنے)۔ | .27 |
| قَالُوٓاْ إِنَّكُمۡ كُنتُمۡ تَأۡتُونَنَا عَنِ ٱلۡيَمِينِ<br>بولے، تم ہی تھے کہ آتے تھے ہم پر داہنے سے۔ | .28 |

| | |
|---|---|
| قَالُوا۟ بَل لَّمْ تَكُونُوا۟ مُؤْمِنِينَ<br>وہ بولے! کوئی نہیں! پر تم ہی نہ تھے یقین لانے والے۔ | .29 |
| وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُم مِّن سُلْطَٰنٍ ۖ<br>اور ہمارا تم پر کچھ زور نہ تھا۔<br>بَلْ كُنتُمْ قَوْمًا طَٰغِينَ<br>پر تم ہی تھے لوگ بے حد چلنے والے (سرکش)۔ | .30 |
| فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ إِنَّا لَذَآئِقُونَ<br>سو ثابت ہوئی ہم پر بات ہمارے رب کی (کہ اب) ہم کو مزہ چکھنا (عذاب کا)۔ | .31 |
| فَأَغْوَيْنَٰكُمْ إِنَّا كُنَّا غَٰوِينَ<br>پھر ہم نے تم کو گمراہ کیا، (کیونکہ) ہم تھے آپ گمراہ۔ | .32 |
| فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى ٱلْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ<br>سو وہ اس دن تکلیف (عذاب) میں (ایک دوسرے کے) شریک ہیں۔ | .33 |
| إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِٱلْمُجْرِمِينَ<br>ہم ایسا کچھ کرتے ہیں گنہگاروں کے حق میں۔ | .34 |
| إِنَّهُمْ كَانُوٓا۟ إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَآ إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ<br>وہ تھے، کہ ان سے جب کوئی کہتا، کسی کی بندگی نہیں سوا اللہ کے، تو غرور کرتے۔ | .35 |

| | |
|---|---|
| وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوٓاْ ءَالِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍۭ<br>اور کہتے، کیا ہم چھوڑ دیں گے اپنے ٹھاکروں (معبودوں) کو کہے کے ایک شاعر دیوانے کے۔ | .36 |
| بَلْ جَآءَ بِٱلْحَقِّ وَصَدَّقَ ٱلْمُرْسَلِينَ<br>کوئی نہیں! وہ لایا ہے سچا دین، اور سچ مانا ہے سب رسولوں کو۔ | .37 |
| إِنَّكُمْ لَذَآئِقُواْ ٱلْعَذَابِ ٱلْأَلِيمِ<br>تم کو چکھنی (ہے) دُکھ والی مار (دردناک عذاب)۔ | .38 |
| وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ<br>اور وہی بدلہ پاؤ گے جو کچھ تم کرتے تھے۔ | .39 |
| إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ<br>مگر جو بندے اللہ کے ہیں چُنے ہوئے۔ | .40 |
| أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ<br>وہ جو ہیں انکی روزی ہے مقرر۔ | .41 |
| فَوَٰكِهُ ۖ وَهُم مُّكْرَمُونَ<br>میوے، اور ان کی عزت ہے۔ | .42 |
| فِي جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ<br>باغوں میں نعمت کے۔ | .43 |

| | |
|---|---|
| عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَٰبِلِينَ<br>تختوں (بیٹھے مسندوں) پر ایک دوسرے کے سامنے۔ | .44 |
| يُطَافُ عَلَيۡهِم بِكَأۡسٍ مِّن مَّعِينِۭ<br>لوگ لئے پھرتے ہیں ان کے پاس پیالے شراب نتھرے کے۔ | .45 |
| بَيۡضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشَّٰرِبِينَ<br>سفید رنگ مزہ دیتے پینے والوں کو۔ | .46 |
| لَا فِيهَا غَوۡلٌ وَلَا هُمۡ عَنۡهَا يُنزَفُونَ<br>نہ اس میں سر پھرتا (خُمار) ہے، اور نہ وہ اس سے بہکتے ہیں۔ | .47 |
| وَعِندَهُمۡ قَٰصِرَٰتُ ٱلطَّرۡفِ عِينٌ<br>اور ان کے پاس ہیں عورتیں، نیچی نگاہ رکھتیاں بڑی آنکھوں والیاں۔ | .48 |
| كَأَنَّهُنَّ بَيۡضٌ مَّكۡنُونٌ<br>گویا وہ انڈے ہیں چھپے دھرے (رکھے)۔ | .49 |
| فَأَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٍ يَتَسَآءَلُونَ<br>پھر منہ کیا ایک نے دوسرے کی طرف، لگے پوچھنے۔ | .50 |
| قَالَ قَآئِلٌ مِّنۡهُمۡ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ<br>بولا، ایک بولنے والا ان میں مجھ کو تھا ایک ساتھی (ہم نشین)۔ | .51 |

| | |
|---|---|
| يَقُولُ أَءِنَّكَ لَمِنَ ٱلْمُصَدِّقِينَ<br>کہتا، کیا تُو (ایسی باتوں پر) یقین کرتا ہے؟ | .52 |
| أَءِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا لَمَدِينُونَ<br>کیا جب (ہم) مر گئے اور ہو گئے مٹی اور ہڈیاں، کیا ہم کو بدلہ ملنا ہے؟ | .53 |
| قَالَ هَلْ أَنتُم مُّطَّلِعُونَ<br>کہنے لگا، بھلا تم جھانک کر دیکھو گے (خبر ہے وہ کہاں ہے)۔ | .54 |
| فَٱطَّلَعَ فَرَءَاهُ فِي سَوَآءِ ٱلْجَحِيمِ<br>پھر جھانکا تو اس کو دیکھا بیچوں بیچ دوزخ کے۔ | .55 |
| قَالَ تَٱللَّهِ إِن كِدتَّ لَتُرْدِينِ<br>بولا قسم اللہ کی! تُو تو لگا تھا کہ مجھ کو گڑھے (ہلاکت) میں ڈالے۔ | .56 |
| وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ ٱلْمُحْضَرِينَ<br>اور اگر نہ ہوتا میرے رب کا فضل تو میں بھی ہوتا ان میں، جو پکڑے آئے۔ | .57 |
| أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ<br>کیا (یہ واقع نہیں کہ) اب ہم کو نہیں مرنا؟ | .58 |
| إِلَّا مَوْتَتَنَا ٱلْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ<br>مگر (سوائے) جو پہلی بار مر (ہم) چکے، اور ہم کو تکلیف نہیں پہنچنی۔ | .59 |

| | | |
|---|---|---|
| إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ<br>بیشک یہی ہے بڑی مراد ملنی۔ | .60 |
| لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ ٱلْعَٰمِلُونَ<br>ایسی چیزوں (کامیابی) کے واسطے، چاہئیے محنت (عمل) کریں محنت (عمل کرنے) والے۔ | .61 |
| أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ ٱلزَّقُّومِ<br>بھلا یہ بہتر ہے مہمانی یا درخت سیہنڈ (زَقُّوم) کا۔ | .62 |
| إِنَّا جَعَلْنَٰهَا فِتْنَةً لِّلظَّٰلِمِينَ<br>ہم نے اس کو رکھا ہے خراب (آزمائش) کرنا ظالموں کا۔ | .63 |
| إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِىٓ أَصْلِ ٱلْجَحِيمِ<br>وہ ایک درخت ہے کہ نکلتا ہے دوزخ کی جڑ میں (تہہ سے)۔ | .64 |
| طَلْعُهَا كَأَنَّهُۥ رُءُوسُ ٱلشَّيَٰطِينِ<br>اس کا شگوفہ جیسے سر شیطانوں کے۔ | .65 |
| فَإِنَّهُمْ لَءَاكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِـُٔونَ مِنْهَا ٱلْبُطُونَ<br>سو وہ کھائیں گے اس میں سے، پھر بھریں گے اس سے پیٹ۔ | .66 |
| ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ<br>پھر ان کو اس کے اوپر ملونی (آمیزش) جلتے پانی کی۔ | .67 |

| | |
|---|---|
| ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى ٱلْجَحِيمِ<br>پھر ان کو لے جانا آگ کے ڈھیر (جہنم) میں۔ | .68 |
| إِنَّهُمْ أَلْفَوْا۟ ءَابَآءَهُمْ ضَآلِّينَ<br>انہوں نے پائے اپنے باپ دادے بہکے ہوئے۔ | .69 |
| فَهُمْ عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِمْ يُهْرَعُونَ<br>سو وہ انہی کے قدموں پر دوڑتے ہیں۔ | .70 |
| وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ ٱلْأَوَّلِينَ<br>اور بہک چکے ہیں ان سے آگے، بہت لوگ پہلے۔ | .71 |
| وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ<br>اور ہم نے بھیجے ہیں ان میں ڈر سنانے والے۔ | .72 |
| فَٱنظُرْ كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلْمُنذَرِينَ<br>اب دیکھ! کیسا ہوا آخر ڈرائے ہوؤں کا۔ | .73 |
| إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ<br>مگر جو بندے اللہ کے ہیں چُنے۔ | .74 |
| وَلَقَدْ نَادَىٰنَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ ٱلْمُجِيبُونَ<br>اور ہم کو پکارا تھا نوح نے، سو کیا خوب پہنچنے والے ہیں پکار پر۔ | .75 |

| | |
|---|---|
| وَنَجَّيْنَٰهُ وَأَهْلَهُۥ مِنَ ٱلْكَرْبِ ٱلْعَظِيمِ<br>اور بچادیا اس کو اور اسکے گھر کو، اس بڑی گھبراہٹ سے۔ | .76 |
| وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُۥ هُمُ ٱلْبَاقِينَ<br>اور رکھی اس کی اولاد وہی رہ جانے والی۔ | .77 |
| وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى ٱلْءَاخِرِينَ<br>اور باقی رکھا اس پر (کے لئے) پچھلی خلق (نسلوں) میں۔ | .78 |
| سَلَٰمٌ عَلَىٰ نُوحٍ فِى ٱلْعَٰلَمِينَ<br>کہ سلام ہے نوح پر سارے جہان والوں میں۔ | .79 |
| إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلْمُحْسِنِينَ<br>ہم یوں بدلہ دیتے ہیں نیکی والوں کو۔ | .80 |
| إِنَّهُۥ مِنْ عِبَادِنَا ٱلْمُؤْمِنِينَ<br>وہ ہے ہمارے بندوں ایماندار میں۔ | .81 |
| ثُمَّ أَغْرَقْنَا ٱلْءَاخَرِينَ<br>پھر ڈبویا ہم نے دوسروں کو۔ | .82 |
| وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِۦ لَإِبْرَٰهِيمَ<br>اور اسی کی راہ والوں میں ہے ابراہیم۔ | .83 |

| | |
|---|---|
| إِذۡ جَآءَ رَبَّهُۥ بِقَلۡبٍ سَلِيمٍ<br>جب آیا اپنے رب پاس، لے کر دل نِروگا (بے روگ)۔ | .84 |
| إِذۡ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوۡمِهِۦ مَاذَا تَعۡبُدُونَ<br>جب کہا اپنے باپ کو، اور اس کی قوم کو تم کیا پوجتے ہو؟ | .85 |
| أَإِفۡكًا ءَالِهَةً دُونَ ٱللَّهِ تُرِيدُونَ<br>کیوں جھوٹ (خود) بنائے حاکموں کو اللہ کے سوا چاہتے ہو؟ | .86 |
| فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ<br>پھر کیا خیال (گمان) کیا ہے تم نے جہان کے صاحب کو؟ | .87 |
| فَنَظَرَ نَظۡرَةً فِي ٱلنُّجُومِ<br>پھر نگاہ کی ایک بار تاروں میں۔ | .88 |
| فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ<br>پھر کہا میں بیمار ہوں۔ | .89 |
| فَتَوَلَّوۡاْ عَنۡهُ مُدۡبِرِينَ<br>پھر اُلٹے (واپس) گئے اس سے پیٹھ دے (اُلٹے پاؤں اسکو چھوڑ) کر۔ | .90 |
| فَرَاغَ إِلَىٰٓ ءَالِهَتِهِمۡ فَقَالَ أَلَا تَأۡكُلُونَ<br>پھر جا گھسا ان کے بتوں میں، پھر بولا، تم کیوں نہیں کھاتے۔ | .91 |

| | |
|---|---|
| مَا لَكُمۡ لَا تَنطِقُونَ<br>تم کو کیا (ہوا) ہے کہ نہیں بولتے۔ | .92 |
| فَرَاغَ عَلَيۡهِمۡ ضَرۡبَۢا بِٱلۡيَمِينِ<br>پھر گھسا اُن پر مارتا داہنے ہاتھ سے۔ | .93 |
| فَأَقۡبَلُوٓاْ إِلَيۡهِ يَزِفُّونَ<br>پھر لوگ آئے اس پر دوڑ کر گھبراتے۔ | .94 |
| قَالَ أَتَعۡبُدُونَ مَا تَنۡحِتُونَ<br>بولا، کیوں پوجتے ہو جو آپ تراشتے ہو؟ | .95 |
| وَٱللَّهُ خَلَقَكُمۡ وَمَا تَعۡمَلُونَ<br>اور اللہ نے بنایا تم کو، اور جو تم بناتے ہو۔ | .96 |
| قَالُواْ ٱبۡنُواْ لَهُۥ بُنۡيَٰنٗا فَأَلۡقُوهُ فِي ٱلۡجَحِيمِ<br>بولے چُنو اس کے واسطے ایک چنائی، پھر ڈالو اس کو آگ کے ڈھیر میں۔ | .97 |
| فَأَرَادُواْ بِهِۦ كَيۡدٗا فَجَعَلۡنَٰهُمُ ٱلۡأَسۡفَلِينَ<br>پھر چاہنے لگے اس پر بُرا داؤ، پھر ہم نے ڈالا انہی کو نیچے۔ | .98 |
| وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهۡدِينِ<br>اور بولا میں جاتا ہوں اپنے رب کی طرف، وہ مجھ کو راہ دے گا۔ | .99 |

| | |
|---|---|
| رَبِّ هَبْ لِي مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ<br>اے رب! بخش مجھ کو کوئی نیک بیٹا۔ | .100 |
| فَبَشَّرْنَٰهُ بِغُلَٰمٍ حَلِيمٍ<br>پھر خوشخبری دی ہم نے اس کو ایک لڑکے کی، جو ہوگا تحمل والا۔ | .101 |
| فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ ٱلسَّعْىَ قَالَ يَٰبُنَىَّ إِنِّىٓ أَرَىٰ فِى ٱلْمَنَامِ أَنِّىٓ أَذْبَحُكَ فَٱنظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ<br>پھر جب پہنچا اسکے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو، کہا اے بیٹے! میں دیکھتا ہوں خواب میں کہ<br>تجھ کو ذبح کرتا ہوں، پھر دیکھ (سوچ) تو، تُو کیا دیکھتا (خیال رکھتا) ہے؟<br>قَالَ يَٰٓأَبَتِ ٱفْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ<br>بولا اے باپ! کر ڈال جو تجھ کو حکم ہوتا ہے۔<br>سَتَجِدُنِىٓ إِن شَآءَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلصَّٰبِرِينَ<br>تُو مجھ کو پائے گا اگر اللہ نے چاہا، سہارنے (صبر کرنے) والا۔ | .102 |
| فَلَمَّآ أَسْلَمَا وَتَلَّهُۥ لِلْجَبِينِ<br>پھر جب دونوں نے حکم مانا اور پچھاڑا (لٹایا) اس کو ماتھے کے بل۔ | .103 |
| وَنَٰدَيْنَٰهُ أَن يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ<br>اور ہم نے اس کو پکارا یوں کے اے ابراہیم! | .104 |

| | |
|---|---|
| قَدۡ صَدَّقۡتَ ٱلرُّءۡيَآۚ<br>تُو نے سچ کر دکھایا خواب،<br>إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ<br>ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو۔ | .105 |
| إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ ٱلۡبَلَٰٓؤُاْ ٱلۡمُبِينُ<br>بیشک یہی ہے صریح جانچنا(کھلی آزمائش)۔ | .106 |
| وَفَدَيۡنَٰهُ بِذِبۡحٍ عَظِيمٍ<br>اور اس کا بدلہ دیا، ہم نے ایک جانور ذبح کو بڑا۔ | .107 |
| وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ<br>اور باقی رکھا ہم نے اس پر پچھلی خلق میں۔ | .108 |
| سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ<br>کہ سلام ہے ابراہیم پر۔ | .109 |
| كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ<br>ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو۔ | .110 |
| إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ<br>وہ ہے ہمارے بندوں ایماندار میں۔ | .111 |

| | |
|---|---|
| وَبَشَّرۡنَٰهُ بِإِسۡحَٰقَ نَبِيّٗا مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ<br>اور خوشخبری دی ہم نے اسکو اسحٰق کی، جو نبی ہو گا نیک بختوں میں۔ | .112 |
| وَبَٰرَكۡنَا عَلَيۡهِ وَعَلَىٰٓ إِسۡحَٰقَۚ<br>اور برکت دی ہم نے اس پر اور اسحٰق پر۔<br>وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا مُحۡسِنٞ وَظَالِمٞ لِّنَفۡسِهِۦ مُبِينٞ<br>اور دونوں کی اولاد میں نیکی والے ہیں اور بدکار بھی ہیں اپنے حق میں صریح۔ | .113 |
| وَلَقَدۡ مَنَنَّا عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ<br>اور ہم نے احسان کیا موسیٰ اور ہارون پر۔ | .114 |
| وَنَجَّيۡنَٰهُمَا وَقَوۡمَهُمَا مِنَ ٱلۡكَرۡبِ ٱلۡعَظِيمِ<br>اور بچادیا ان کو اور انکی قوم کو اس بڑی گھبراہٹ سے۔ | .115 |
| وَنَصَرۡنَٰهُمۡ فَكَانُواْ هُمُ ٱلۡغَٰلِبِينَ<br>اور ان کی مدد کی، تو رہے وہی زبر (غالب)۔ | .116 |
| وَءَاتَيۡنَٰهُمَا ٱلۡكِتَٰبَ ٱلۡمُسۡتَبِينَ<br>اور دی ان کو کتاب واضح۔ | .117 |
| وَهَدَيۡنَٰهُمَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلۡمُسۡتَقِيمَ<br>اور سُجھائی ان کو سیدھی راہ۔ | .118 |

| | |
|---|---|
| وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِمَا فِى ٱلۡأٓخِرِينَ<br>اور باقی رکھا ان پر پچھلی خلق میں۔ | .119 |
| سَلَـٰمٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَـٰرُونَ<br>کہ سلام ہے موسیٰ اور ہارون پر۔ | .120 |
| إِنَّا كَذَٲلِكَ نَجۡزِى ٱلۡمُحۡسِنِينَ<br>ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو۔ | .121 |
| إِنَّهُمَا مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ<br>وہ دونوں ہیں ہمارے بندوں ایماندار میں۔ | .122 |
| وَإِنَّ إِلۡيَاسَ لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ<br>اور تحقیق (بلاشبہ) الیاس ہے رسولوں میں۔ | .123 |
| إِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهِۦۤ أَلَا تَتَّقُونَ<br>جب کہا اپنی قوم کو، کیا تم کو ڈر نہیں؟ | .124 |
| أَتَدۡعُونَ بَعۡلاً<br>کیا تم پکارتے ہو بعل کو؟<br>وَتَذَرُونَ أَحۡسَنَ ٱلۡخَـٰلِقِينَ<br>چھوڑتے ہو بہتر بنانے والے (احسن الخالقین) کو۔ | .125 |

| | | |
|---|---|---|
| ٱللَّهَ رَبَّكُمۡ وَرَبَّ ءَابَآئِكُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ<br><br>جو اللہ ہے رب تمہارا اور رب تمہارے اگلے باپ دادوں کا۔ | .126 |
| فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُونَ<br><br>پھر اس کو جھٹلایا، سو وہ پکڑے آتے ہیں۔ | .127 |
| إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ<br><br>مگر جو بندے ہیں اللہ کے چُنے۔ | .128 |
| وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ<br><br>اور باقی رکھا اس پر پچھلی خلق میں۔ | .129 |
| سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِلۡ يَاسِينَ<br><br>کہ سلام ہے الیاس پر۔ | .130 |
| إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ<br><br>ہم یوں دیتے ہیں بدلہ نیکی کرنے والوں کو۔ | .131 |
| إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ<br><br>وہ ہے ہمارے بندوں ایماندار میں۔ | .132 |
| وَإِنَّ لُوطٗا لَّمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ<br><br>اور تحقیق (بلاشبہ) لوط ہے رسولوں میں۔ | .133 |

| | |
|---|---|
| إِذْ نَجَّيْنَٰهُ وَأَهْلَهُۥٓ أَجْمَعِينَ<br>جب بچا دیا ہم نے اس کو اور اسکے گھر والوں کو سارے۔ | .134 |
| إِلَّا عَجُوزًا فِى ٱلْغَٰبِرِينَ<br>مگر ایک بڑھیا رہ گئی (پیچھے) رہنے والوں میں۔ | .135 |
| ثُمَّ دَمَّرْنَا ٱلْءَاخَرِينَ<br>پھر اکھاڑ مارا ہم نے دوسروں کو۔ | .136 |
| وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِينَ<br>اور تم گزرتے ہو اُن پر صبح کے وقت۔ | .137 |
| وَبِٱلَّيْلِ ۗ<br>اور رات کو (بھی)۔<br>أَفَلَا تَعْقِلُونَ<br>پھر (بھی) کیا (تم) نہیں بوجھتے (سمجھتے)؟ | .138 |
| وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ ٱلْمُرْسَلِينَ<br>اور تحقیق (بلاشبہ) یونس ہے رسولوں میں۔ | .139 |
| إِذْ أَبَقَ إِلَى ٱلْفُلْكِ ٱلْمَشْحُونِ<br>جب بھاگ کر پہنچا اس بھری کشتی پر۔ | .140 |

| | |
|---|---|
| فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ ٱلْمُدْحَضِينَ<br>پھر قرعہ ڈلوایا، تو ہو گیا الزام کھایا (ہار گیا)۔ | .141 |
| فَٱلْتَقَمَهُ ٱلْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ<br>پھر لقمہ کیا اس کو مچھلی نے، اور وہ الاہنا کھایا (ملامت زدہ) تھا۔ | .142 |
| فَلَوْلَآ أَنَّهُۥ كَانَ مِنَ ٱلْمُسَبِّحِينَ<br>پھر اگر نہ ہوتا کہ وہ تھا یاد کرتا پاک ذات کو۔ | .143 |
| لَلَبِثَ فِى بَطْنِهِۦٓ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ<br>تو رہتا اسکے پیٹ میں، جس دن تک مُردے جیویں۔ | .144 |
| فَنَبَذْنَـٰهُ بِٱلْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيمٌ<br>پھر ڈال دیا ہم نے اس کو پٹپڑ (چٹیل) میدان میں اور وہ بیمار تھا۔ | .145 |
| وَأَنۢبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّن يَقْطِينٍ<br>اور اُگایا ہم نے اس پر ایک درخت بیل کا (بیلدار)۔ | .146 |
| وَأَرْسَلْنَـٰهُ إِلَىٰ مِا۟ئَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ<br>اور بھیجا اس کو لاکھ آدمیوں پر یا زیادہ۔ | .147 |
| فَـَٔامَنُوا۟ فَمَتَّعْنَـٰهُمْ إِلَىٰ حِينٍ<br>پھر وہ یقین لائے، پھر ہم نے ان کو برتنے (فائدہ) دیا ایک وقت تک۔ | .148 |

| | |
|---|---|
| فَٱسۡتَفۡتِهِمۡ أَلِرَبِّكَ ٱلۡبَنَاتُ وَلَهُمُ ٱلۡبَنُونَ<br>اب ان سے پوچھ، کیا تیرے رب کے ہاں بیٹیاں اور انکے ہاں بیٹے۔ | .149 |
| أَمۡ خَلَقۡنَا ٱلۡمَلَٰٓئِكَةَ إِنَٰثٗا وَهُمۡ شَٰهِدُونَ<br>یا ہم نے بنایا فرشتوں کو عورت، اور یہ دیکھتے تھے۔ | .150 |
| أَلَآ إِنَّهُم مِّنۡ إِفۡكِهِمۡ لَيَقُولُونَ<br>سُنتا ہے! یہ اپنا جھوٹ بنایا کہتے ہیں۔ | .151 |
| وَلَدَ ٱللَّهُ وَإِنَّهُمۡ لَكَٰذِبُونَ<br>کہ اللہ کی اولاد ہوئی، اور یہ بیشک جھوٹے ہیں۔ | .152 |
| أَصۡطَفَى ٱلۡبَنَاتِ عَلَى ٱلۡبَنِينَ<br>کیا پسند کیں بیٹیاں بیٹوں سے۔ | .153 |
| مَا لَكُمۡ كَيۡفَ تَحۡكُمُونَ<br>کیا ہوا تم کو کیا انصاف کرتے ہو؟ | .154 |
| أَفَلَا تَذَكَّرُونَ<br>کیا تم دھیان نہیں کرتے ہو؟ | .155 |
| أَمۡ لَكُمۡ سُلۡطَٰنٞ مُّبِينٞ<br>(کیا) تم پاس کوئی سند ہے کھلی؟ | .156 |

| | |
|---|---|
| فَأْتُوا۟ بِكِتَـٰبِكُمْ إِن كُنتُمْ صَـٰدِقِينَ<br>تو لاؤ اپنی کتاب اگر ہو تم سچے۔ | .157 |
| وَجَعَلُوا۟ بَيْنَهُۥ وَبَيْنَ ٱلْجِنَّةِ نَسَبًا ۚ<br>اور ٹھہرایا ہے اس میں اور جنوں میں ناتا (نسب)۔<br>وَلَقَدْ عَلِمَتِ ٱلْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ<br>اور جنوں کو معلوم ہے کہ وہ پکڑے آتے ہیں۔ | .158 |
| سُبْحَـٰنَ ٱللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ<br>اللہ نرالا (پاک) ہے ان باتوں سے، جو بناتے ہیں۔ | .159 |
| إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ<br>مگر جو بندے ہیں اللہ کے چُنے۔ | .160 |
| فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ<br>سو تم اور جن کو تم پوجتے ہو۔ | .161 |
| مَآ أَنتُمْ عَلَيْهِ بِفَـٰتِنِينَ<br>اس کے ہاتھ سے بہکا نہیں لے (جا) سکتے۔ | .162 |
| إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ ٱلْجَحِيمِ<br>مگر اسی کو جو پیٹھنے (داخل ہونے) والا ہے آگ میں۔ | .163 |

| | |
|---|---|
| .164 | وَمَا مِنَّآ إِلَّا لَهُۥ مَقَامٌ مَّعۡلُومٌ<br>اور ہم میں جو ہے اس کو ایک ٹھکانا ہے مقرر۔ |
| .165 | وَإِنَّا لَنَحۡنُ ٱلصَّآفُّونَ<br>اور ہم جو ہیں، ہم ہی ہیں قطار باندھنے والے۔ |
| .166 | وَإِنَّا لَنَحۡنُ ٱلۡمُسَبِّحُونَ<br>اور ہم جو ہیں ہم ہی ہیں پاکی بولنے (تسبیح کرنے) والے۔ |
| .167 | وَإِن كَانُواْ لَيَقُولُونَ<br>اور یہ تو کہتے تھے۔ |
| .168 | لَوۡ أَنَّ عِندَنَا ذِكۡرًا مِّنَ ٱلۡأَوَّلِينَ<br>اگر ہم پاس احوال ہوتا پہلے لوگوں کا۔ |
| .169 | لَكُنَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ<br>تو ہم ہوتے بندے اللہ کے چُنے۔ |
| .170 | فَكَفَرُواْ بِهِۦۖ<br>سو اس سے منکر ہو گئے،<br>فَسَوۡفَ يَعۡلَمُونَ<br>اب آگے جان لیں گے۔ |

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا ٱلْمُرْسَلِينَ<br>اور پہلے ہو چکا ہمارا حکم اپنے بندوں کے حق میں، جو رسول ہیں۔ | .171 |
| إِنَّهُمْ لَهُمُ ٱلْمَنصُورُونَ<br>بیشک انہی کو مدد ہونی ہے۔ | .172 |
| وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ ٱلْغَٰلِبُونَ<br>اور ہمارا لشکر جو ہے، بیشک وہی زبر (غالب) ہے۔ | .173 |
| فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ<br>سو تو ان سے پھر یا (انکو انکے حال پر چھوڑ دو) ایک وقت تک۔ | .174 |
| وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ<br>اور ان کو دیکھتا رہ کہ آگے (یہ بھی) دیکھ لیں گے۔ | .175 |
| أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ<br>کیا ہماری آفت شتاب (جلدی) مانگتے ہیں؟ | .176 |
| فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ ٱلْمُنذَرِينَ<br>پھر جب آ اُترے گی انکے میدان میں، تو بُری صبح ہو گی ڈرائے گیوں (ہوؤں) کی۔ | .177 |
| وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ<br>اور پھر یا ان سے (انکو انکے حال پر چھوڑ دو) ایک وقت تک۔ | .178 |

| | |
|---|---|
| وَأَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ<br><br>اور (تُو) دیکھتا رہ، اب آگے (وہ بھی) دیکھ لیں گے۔ | .179 |
| سُبْحَٰنَ رَبِّكَ رَبِّ ٱلْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ<br><br>پاک ذات ہے تیرے رب کی، عزت کا صاحب، پاک ہے ان باتوں سے جو کرتے ہیں۔ | .180 |
| وَسَلَٰمٌ عَلَى ٱلْمُرْسَلِينَ<br><br>اور سلام ہے رسولوں پر۔ | .181 |
| وَٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ<br><br>اور سب خوبی اللہ کو، جو رب ہے سارے جہان کا۔<br>********* | .182 |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**
**Email:**
quran4u_com@yahoo.com